زکوٰۃ‘ اقتصادی مسائل‘ آدابِ مجلس‘ مسجد کا احترام‘ قتل‘ خودکشی‘ حلال وحرام‘ عالم اسلام‘ پاکستان اور صلیبی جنگ‘ مخلوط تعلیم‘ پاکستان کا مطلب کیا؟ عیسائیوں کی تبلیغی سرگرمیاں‘ صحت اور جیب کے دشمن (چائے‘ پان‘ سگریٹ) خواتین کے حقوق‘ پردہ‘ نیل پالش‘ وغیرہ وغیرہ۔ غرض یہ ایک انسائیکلوپیڈیا ہے جس میں مفکرانہ یا فلسفیانہ انداز کے بجائے سادہ‘ عام فہم اور سلیس اسلوب میں اسلامی تعلیمات کو متوازن انداز میں پیش کیا گیا ہے۔ کتابت ضرورت سے زیادہ جلی ہے اور اس میں پھیلاؤ بہت ہے۔ فنی تدوین سے کتاب کا حجم کم ہوسکتا تھا اور قیمت بھی۔ (رفیع الدین ہاشمی)

تعارف کتب

☆ **تاریخ اسلام**، جلد اول‘ دوم۔ اکبر شاہ خان نجیب آبادی۔ ناشر: دارالمسلم‘ لاہور۔ صفحات: ۱۲۰۸‘ ۵۷۸۔ قیمت: ۳۰۰‘ ۱۵۰ روپے۔ [نجیب آبادی معروف مورخ ہیں ان کی یہ ضخیم کتاب ایک طرح سے کلاسکی حیثیت رکھتی ہے۔ سرورق: ”تخریج و تصحیح‘ توضیحاتِ مزید: عبداللہ ادیب“ مگر یہ پتا نہیں چلتا کہ کیا اضافے یا تصحیح و توضیح کی گئی ہے؟ کاش ایک صفحاتی مقدمہ لکھنے کی زحمت کی جاتی۔ کتابت عمدہ اور خوش نما ہے۔ جلد اول کو دو حصوں میں یعنی پوری کتاب تین الگ الگ حصوں میں چھاپنا‘ ہمارے خیال میں بہتر تھا۔]

☆ **اوصافِ حمیدہ**، ڈاکٹر عبدالغنی فاروق۔ ناشر: کتاب سرائے‘ الحمد مارکیٹ‘ غزنی سٹریٹ‘ اُردو بازار‘ لاہور۔ صفحات: ۳۱۸۔ قیمت: ۱۵۰ روپے۔ [محترمہ حمیدہ بیگم مرحومہ جماعت اسلامی کی نہایت مخلص اور فعال رکن تھیں۔ اس نیک نفس خاتون کے سوانح اور شخصیت پر یہ کتاب‘ اب تیسری بار چھپی ہے۔ دیباچہ: نیر بانو۔ مقدمہ: بنت الاسلام اور تقریظ: ثریا اسما شاہد--- مرحومہ کے منتخب مضامین (ص ۱۷۱ تا ۲۹۶) بھی شامل ہیں۔ تربیتی اور دعوتی مقاصد کے لیے ایک عمدہ کتاب۔]

سید مودودیؒ پر
اول و دوم
ترجمان القرآن کی اشاعت خاص
قیمتی مقالات کا مجموعہ
اب
سی ڈی
دستیاب ہے

اپنے کمپیوٹر پر مطالعہ کیجیے‘ ڈاؤن لوڈ کیجیے
خود لیجیے‘ دوسروں کو دیجیے
۹۰۰ سے زائد صفحات ، صرف ۶۰ روپے میں

تقسیم کار: سمع و بصر کیسٹ شاپ‘ منصورہ‘ لاہور- فون: 5411546